# آؤ، تفریق کے ذریعے کم کریں


٥ – ٣ = [ ]

رمیش کے پاس ٥ کپ تھے۔ اس نے آنچل کو ٣ کپ دیے۔ اب رمیش کے پاس کتنے کپ باقی بچے؟

| | اکائی |
|---|---|
| رمیش کے کپ | ٥ |
| آنچل کو دیے ہوئے کپ | – ٣ |
| رمیش کے پاس باقی بچے کپ | |

**جوڑیاں لگا کر تفریق کرنا :**


- ٨ آکاش قندیل اور ٤ دیپ ہیں۔ دیپ سے آکاش قندیل کتنے زیادہ ہیں؟



$$\begin{array}{r} ٨ \\ -\ ٤ \\ \hline ٤ \end{array}$$

دیپ سے ٤ آکاش قندیل زیادہ ہیں۔

- ٦ تختیاں اور ١١ کتابیں ہیں۔ کتابوں سے تختیاں کتنی کم ہیں؟



$$\begin{array}{r} \square \\ -\ \square \\ \hline \square \end{array}$$

کتابوں سے تختیاں [ ] کم ہیں۔

- ٨ اسٹرابیری اور ٦ انار ہیں۔ اسٹرابیری کتنے زیادہ ہیں، یہ تفریق کرکے معلوم کریں گے۔

$$\begin{array}{r} ٨ \\ -\ ٦ \\ \hline ٢ \end{array}$$

یعنی انار سے ٢ اسٹرابیری زیادہ ہیں۔

یا اسٹرابیری سے ٢ انار کم ہیں۔

## پیچھے گن کر تفریق :


نیچے دیا گیا کھیل کھیلو۔



میرے پاس یہ تختہ ہے۔اس پر ۴۹ لکڑی کے ٹکڑے رکھے ہوئے ہیں۔ایک مرتبہ میں ۵ یا ۵ سے کم ٹکڑے اُٹھائیں گے۔ہر بار ایک موقع دیں گے لیکن صفر ٹکڑے نہیں اُٹھا سکتے۔



جسے آخری ٹکڑا اٹھانا پڑے گا وہ اس کھیل میں ہارے گا۔



رضیہ نے کھیل شروع کیا۔اس نے ۴۹ سے پیچھے ۴ گن کر ٹکڑے اٹھائے ۔ باقی ۴۵ ٹکڑے بچ گئے۔اب شاہد ٹکڑے اُٹھانے والا ہے۔اس طرح کھیلتے ہوئے آخری ٹکڑا شاہد نے اُٹھایا۔اس لیے کھیل میں رضیہ کی جیت ہوئی۔

| پہلے تھے | | اُٹھائے | | باقی بچے |
|---|---|---|---|---|
| ۴۹ | — | ۴ رضیہ | = | ۴۵ |
| ۴۵ | — | ۵ شاہد | = | ۴۰ |
| ۴۰ | — | ۵ رضیہ | = | ۳۵ |
| ۳۵ | — | ۴ شاہد | = | ۳۱ |
| ۳۱ | — | ۳ رضیہ | = | ۲۸ |
| ۲۸ | — | ۵ شاہد | = | ۲۳ |

| پہلے تھے | | اُٹھائے | | باقی بچے |
|---|---|---|---|---|
| ۲۳ | — | ۵ رضیہ | = | ۱۸ |
| ۱۸ | — | ۵ شاہد | = | ۱۳ |
| ۱۳ | — | ۵ رضیہ | = | ۸ |
| ۸ | — | ۴ شاہد | = | ۴ |
| ۴ | — | ۳ رضیہ | = | ۱ |
| ۱ | — | ۱ شاہد | = | ۰ |

سریش اور رمیش نے دیوالی کے موقع پر تہنیتی کارڈ بنانا طے کیا۔اس کے لیے کچھ سامان لانا تھا۔سریش کے پاس ۹ روپے تھے۔رمیش نے کچھ روپے لائے۔دونوں کے ملا کر ۱۴ روپے ہوئے تو رمیش نے کتنے روپے لائے ہوں گے؟

رضیہ : یعنی ۱۴ میں سے ۹ تفریق کرنا ہوگا۔


شاہد : میں نے ۱۴ دائرے بنائے۔اس میں سے ۹ دائروں پر لکیریں کھینچی۔
اب ۵ دائرے باقی بچے یعنی رمیش نے ۵ روپے لائے تھے۔

رضیہ : میں نے ۹ کے آگے ۱۴ تک ایک کے بعد ایک عددوں کی گنتی کی۔ وہ ۵ ہیں۔
میرا بھی جواب ۵ ہے۔


**کس نے آسان طریقے سے گنا اس پر بات چیت کرو۔**

تفریق کرتے وقت عددی خط کا استعمال کرتے ہوئے آگے یا پیچھے گن کر بھی تفریق کا عمل کیا جاسکتا ہے۔

۹ − ۱۴ یہی مثال دیکھتے ہیں۔ ۱۴ = ۵ + ۹ اس لیے ۵ = ۹ − ۱۴



۱۴ − ۹ = ۵



پہلی تصویر میں ۹ سے ۱۴ تک دائیں جانب ۵ چھلانگیں لگائی گئیں۔ دوسری تصویر میں ۱۴ سے ۹ تک چھلانگیں بائیں جانب لگائی گئیں۔ ۵ عدد پر چھلانگیں رُک گئیں۔ دونوں عمل میں جواب ۵ ہی آیا۔ دونوں طریقے سے عددی خط پر تفریق کا عمل کیا جاسکتا ہے۔اس کی مشق کرنے کے لیے نیچے دی ہوئی مثالوں کی تفریق کرو۔

(۱) ۱۲ − ۸ = ☐ (۲) ۳۲ − ۱ = ☐ (۳) ۱۵ − ۱۰ = ☐
(۴) ۴۳ − ۲ = ☐ (۵) ۱۳ − ۱۱ = ☐ (۶) ۳۹ − ۳ = ☐
(۷) ۲۰ − ۱۸ = ☐ (۸) ۴۴ − ۴۰ = ☐ (۹) ۱۱ − ۲ = ☐

* ۲ − ۴۳ تفریق کرتے وقت ۲ سے ۴۳ تک دائیں جانب چھلانگیں لگانا آسان ہے
یا ۴۳ کے بائیں جانب ۲ چھلانگیں لگانا آسان ہے؟

* ۴۰ − ۴۴ تفریق کرتے وقت ۴۴ سے ۴۰ تک بائیں جانب چھلانگیں لگانا آسان ہے
یا ۴۰ کے دائیں جانب ۴۴ تک چھلانگیں لگانا آسان ہے؟

ASNNDJ